قرآن
اور
ہماری بول چال

مولوی فضل قدیر ظفر ندوی

کتب خانہ
انجمنِ حمایتِ اسلام، برانڈرتھ روڈ، لاہور

قیمت ۳-۰-۰

Marfat.com

Marfat.com

قرآن اور ہماری بول چال

مولوی محمد فضل قدیر ظفر ندوی

کتب خانہ

انجمن حمایت اسلام برانڈرتھ روڈ لاہور

Marfat.com

DATA ENTERED

۱۹۷۶۱۳
ف ا ق
۱۵۲۵۹

(حمایت اسلام پریس لاہور میں باہتمام ایم محمد یعقوب طابع و مظفر احمد خاں ناشر چھپ کر
کتب خانہ انجمن حمایت اسلام برانڈرتھ روڈ لاہور سے شائع کیا۔)

Marfat.com

تعارف

اس کتاب کے مصنف مولانا محمد فضل قدیر ظفر ندوی اُن چند بزرگ ہستیوں میں سے ہیں جن کے دم سے احیائے دین وملت کے لیے نت نئے مضامین پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ زیر نظر کتاب بھی ایسی ہی تالیف ہے جو ایک عظیم مقصد کے پیش نظر لکھی گئی ہے۔

اس امر کی طرف تو اکثر اصحاب کی توجہ منعطف ہوتی ہوگی کہ قرآن مجید کے متعدد الفاظ وہی ہیں جو ہم روزمرہ اپنی بول چال میں استعمال کرتے رہتے ہیں، لیکن ندوی صاحب کی اس کوشش میں یہ قدرت ضرور ہے کہ انھوں نے ان ہزاروں الفاظ کو ایک کتاب کی صورت میں یکجا پیش کر دیا ہے اور جیسا کہ انھوں نے سورۂ فاتحہ کا تجزیہ کر کے بتایا ہے، قاری کو یہ احساس ہونے لگتا ہے کہ قرآن کو سمجھنے کے لیے واقعی بہت کم الفاظ ایسے رہ جاتے ہیں، جن کے معانی معلوم ہو جانے کے بعد کلام الٰہی کو سمجھنے میں ہمیں کوئی دشواری پیش آئے

قابل مصنف نے اس کتاب کو چار مختلف ابواب پر تقسیم کیا ہے :-

۱ — وہ الفاظ جن کا مفہوم ہماری بول چال میں وہی ہے جو قرآن میں ہے

۲ — وہ الفاظِ قرآنی جن کا مفہوم ہماری بول چال میں آکر تنگ ہو گیا

۳ — وہ الفاظ جن کا مفہوم ہماری بول چال میں آکر وسیع ہو گیا۔

۴ — وہ الفاظ جن کا مفہوم ہماری بول چال میں مختلف ہو گیا۔

ظاہر ہے کہ اگر ان چاروں ابواب کے الفاظ کا مطالعہ بہ نظر غائر کر لیا جائے تو قرآن فہمی میں نہ صرف امداد ملے گی بلکہ اُن الفاظ کے معانی معلوم کرنے کا جذبہ بھی بیدار ہو گا جنہیں ہم اس وقت سمجھ نہیں سکتے اور یہی مصنف کا منشا ہے

امید ہے علم دوست اصحاب اور دین وملت سے محبت رکھنے والے مولانا کی اس کتاب کی قدر کریں گے

سیکرٹری نشر و تالیف انجمن

Marfat.com

دیباچہ

قرآن مجید کی معنوی خوبیوں سے پہلے جس چیز پر نگاہ پڑتی ہے وہ اس کی فصاحت و بلاغت ہے نزولِ قرآن کے دور میں کلام کے حسن و اثر کے لیے فصاحت و بلاغت کی بجائے لفظِ "سحر" بولا جاتا تھا۔ جن لوگوں نے کلام اللہ کی صداقت کو تسلیم نہیں کیا تھا اور آخر وقت تک اس کے انکار پر جمے رہے، انہیں طرفہ و لبید، نابغہ و امرأ القیس کے کلام میں قرآن کا سا حسن بیان نہ پاکر مارے حیرت کے کہنا پڑا "ھٰذا سحرٌ مبین" (یہ صاف جادو ہے

قرآن کے ساتھ شیفتگی کا دعویٰ تو ہر مسلمان کو ہے مگر قرآن کے فہم کو وہ عالم بالا کی چیز سمجھتے ہیں۔ اس جہالت پر امت کے سب سے زیادہ برگزیدہ، بارگاہِ نبوت کے سب سے بڑے مقرب اور سب سے بڑھ کر مزاج شناسِ قرآن کا یہ قول ایک تازیانہ ہے،

اَیُّ سَمَاءٍ تُظِلُّنِیْ وَاَیُّ اَرْضٍ تُقِلُّنِیْ اِذَا قُلْتُ فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ مَالَا اعلم

(حضرت ابوبکر صدیقؓ)

(کونسا آسمان مجھے اپنے سائے میں جگہ دے گا اور کونسی زمین مجھے اُٹھائے گی جب میں کتاب اللہ میں کسی جگہ کہہ دوں کہ "یہ تو مجھے معلوم نہیں

حضرت امام غزالیؒ احیاء العلوم جلد (اوّل) میں تحریر فرماتے ہیں

فلینظر کیف لطف بخلقه فی ایصال معانی کلامه الذی هو صفة قدیمه قائمة بذاته إلی افهام خلقه وکیف تجلّت لهم تلك الصفة فی طی حروف واصوات هی صفات البشر عن الوصول الی افهام صفات الله عزّ وجلّ الا لوسیلة صفات نفسه ولولا استتاره کنه جلالة کلامه بکسوة الحروف لما ثبت لسماع الکلام عرش

Marfat.com

ولا تری ولتلاشی مابینہما من عظمۃ سلطانہ وسبحات نورہ

"یعنی اللہ تعالیٰ کے لطف وکرم پر غور تو کرو کہ جو کلام صفت قدیم ہے اور اس کی ذات سے وابستہ، اس کے مطالب کو مخلوق ہی کے حروف واصوات کے پیکر میں قابل فہم بنا کر نازل کیا۔ ورنہ بشر کی کیا مجال کہ وہ اس صورت کے بغیر صفات الٰہی کا ادراک کر سکتا۔

ندائے شیوۂ رحمت کہ در لباسِ بہار — بہ عذر خواہی زندانِ قدح خوار آمد

اگر اس کے کلام کی حقیقتِ جلال، حروف کے جامے میں نہاں نہ ہوتی تو اسے سن کر نہ عرش کو ثبات رہتا اور نہ خاک کو تاب ہوتی، بلکہ عرش تا فرش تمام کائنات اس کی عظمت سطوت اور تجلیات نور سے معدوم ہو جاتی"

پس قرآن فہمی کے لیے نہ فلسفہ و منطق کے مفتخواں کو طے کرنا پڑتا ہے اور نہ صرف ونحو کی ایک ایک جزئی کو بننا پڑتا ہے۔ خود قرآن نازل کرنے والے نے فرمایا ہے۔

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ (قمر - ۱) اور ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے والوں کے لیے آسان کر دیا ہے، سو کیا کوئی نصیحت قبول کرنے والا ہے؟

مسلمان دنیا کے کسی حصے میں بستے ہوں، اُن کی کوئی بھی زبان ہو، دینی معاشرے کی راہ سے قرآن کے کثیر الفاظ اُن کی بول چال میں داخل ہو چکے ہیں۔ بلکہ ان کے دور دراز بدوش بسنے والے غیر مسلم بھی یہ الفاظ بول لیتے ہیں:۔ قول، صدق، انسان، شکر، صبر، جن، شیطان، قسمت، قدر، حیات، موت، اجل، عزت، عزیز، جنت، جہنم، قیامت، آخرت، دنیا، دین، انشاء اللہ، لباس، زینت، جمال، صورت، قضا، قضاء وقدر، مشرق، مغرب، وکیل، دلیل، رحمت، دعوت وغیرہ

سورۂ فاتحہ کے زیادہ تر الفاظ ہم روزمرات بولتے ہیں: مثلاً الحمد للہ، رب، رحمٰن رحیم، مالک، یوم، دین۔ صراط مستقیم، غیر ان الفاظ کے علاوہ جو اور الفاظ ہیں ان کو پڑھا لکھا آدمی سمجھ لیتا ہے کہ عالمین، عالم سے، نَعْبُدُ عبادت سے نَسْتَعِين معانت سے:

Marfat.com

اِھْدِنا ہدایت سے اَنْعَمْتَ انعام سے مَغْضُوْب غضب سے، ضَالّین ضلالت سے ہیں
ان الفاظ کو نکال لینے کے بعد حروف جارہ، اسم اشارہ، اسم ضمیر، اسم موصول یعنی ل، اِیَّاکَ
نَا، اَلَّذِیْنَ، ھُمْ، علیٰ، رہ جاتے ہیں، جن کا علم اتنا مشکل نہیں۔ اگر صرف و نحو کے معمولی قواعد،
ابواب، گردانیں، مادہ و اشتقاق سیکھ لیے جائیں تو قرآن پاک کا سمجھ لینا چنداں مشکل نہیں قرآن
کی تمام سورتوں کا طرز پیش یہی رنگ ہے

شاہ اسمٰعیل شہید اپنی کتاب تقویۃ الایمان میں لکھتے ہیں! "عوام الناس میں یہ مشہور ہے
کہ اللہ اور رسول کا کلام سمجھنا بہت مشکل ہے۔ اس کو بڑا علم چاہیے۔۔۔ سو یہ بات بہت غلط ہے
اس واسطے کہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے کہ قرآن مجید میں بہت صاف اور صریح باتیں ہیں، ان
کا سمجھنا مشکل نہیں اور اللہ اور رسول کے کلام کے سمجھنے کو بہت علم نہیں چاہیے کہ پیغمبر تو نادانوں کو راہ
بتانے اور جاہلوں کو سمجھانے اور بے علموں کو علم سکھانے کے لیے آئے تھے۔

" مَا کَانَ حَدِیْثًا یُّفْتَرٰی وَ لٰکِنْ تَصْدِیْقَ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْہِ وَتَفْصِیْلَ کُلِّ
شَیْءٍ وَّھُدًی وَّ رَحْمَۃً لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ۝ (یوسف - ۱۲)

(یہ کوئی جی سے گھڑی ہوئی بات نہیں ہے بلکہ اس کتاب کی تصدیق ہے جو اس سے
پہلے آچکی ہے، نیز اُن لوگوں کے لیے جو یقین رکھتے ہیں (ہدایت کی) ساری باتوں کی تفصیل
ہے اور رہنمائی ہے اور رحمت ہے۔)

مؤلف

Marfat.com

قرآن اور ہماری بول چال

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

وہ الفاظ جن کا مفہوم ہماری بول چال میں وہی ہے جو قرآن میں ہے

(۱)

لفظ	آیت	ترجمہ	ہماری بول چال
اٰبَاء	اَوْ اٰبَآءِھِنَّ (نور-۴)	یا اپنے شوہروں کے (باپوں) کے لیے	آباؤ اجداد
اٰثَار	وَقَفَّیْنَا علی (اٰثَارِھِمْ (مائدہ-۷)	اور ہم نے ان کے (نقش قدم) پر چلایا	آثار (چھپے ہیں - آثار قدیمہ آثار قیامت
اٰثِم	فَاِنَّہٗ (اٰثِمٌ) قَلْبُہٗ (بقر-۳۹)	پس اس کا دل (گناہ گار) ہوگا	دستخط کے ساتھ (بطور) انکسار لکھتے ہیں "اثم احمد حسین"
اٰخِر	ھُوَ الْاَوَّلُ وَ (الْاٰخِرُ) حدید-۱	وہی پہلے ہے اور وہی (پیچھے) ہے	حرف آخر۔ بار آخر۔ آخر کار
اٰخِرَت	یَحْذَرُ (الْاٰخِرَۃَ) زمر-۱	ڈرتا ہو (آخرت) سے	خوفِ آخرت۔ عالم آخرت
اٰدَم	فَتَلَقّٰی (اٰدَمُ) مِنْ رَّبِّہٖ بقر-۴	پھر حاصل کر لیے (آدم) اپنے رب سے	حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام نسلِ آدم
اٰزَرُ	وَاِذْ قَالَ اِبْرٰھِیْمُ لِاَبِیْہِ (اٰزَرَ) انعام - ۹	اور جب ابراہیم نے اپنے باپ (آزر) سے کہا	آذر بت فروش -
اٰلِہَہ	قُلْ لَّوْ کَانَ مَعَہٗ (اٰلِھَۃٌ) اسرائیل-۵	(اے پیغمبر) کہدو اگر اس کے	

Marfat.com

		ساتھ اور بھی (معبود) ہوتے	آلہہ باطلہ
ائمہ	وَجَعَلْنَاهُمْ (اَئِمَّةً) انبیاء - ۵	اور بنایا ہم نے ان کو (مقتدا)	ائمہ مساجد - ائمہ علم
ایات	يَتْلُوْنَ (اٰيَاتِ) اللّٰهِ آل عمران - ۱۴	پڑھتے ہیں اللہ کی (آیتیں)	آیات قرآن
ایت	وَاِذَا جَاءَتْهُمْ (اٰيَةٌ) انعام - ۱۴	اور جب ان کو کوئی (آیت) پہنچتی ہے	سورہ بقر کی پہلی آیت
ابد	مَاكِثِيْنَ فِيْهِ (اَبَدًا) کہف - ۱	اس میں (ہمیشہ) رہیں گے	ازل تا ابد
ابرار	وَتَوَفَّنَا مَعَ (الْاَبْرَارِ) آل عمران - ۲۰	اور ہم کو (نیک لوگوں) کے ساتھ موت دے	ابرار و صلحا
ابراہیم	مِلَّةَ اَبِيْكُمْ (اِبْرٰهِيْمَ) حج - ۱۰	اپنے باپ (ابراہیم) کی ملت پر قائم رہو	حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام
ابرص	وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ) آل عمران - ۵	اور میں اچھا کر دیتا ہوں مادر زاد اندھے کو اور (کوڑھی) کو	وہ ابرص ہو گیا ہے۔
ابلیس	فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ) بقر - ۴	پس سجدہ میں گر پڑے بجز (ابلیس) کے	ابلیس ملعون
ابن مریم	ذٰلِكَ عِيْسَى (ابْنُ مَرْيَمَ) مریم ۲	یہ ہیں عیسیٰ (مریم کے بیٹے)	ابن مریم ہوا کرے کوئی میرے دکھ کی دوا کرے کوئی
ابولہب	تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ لہب - ۱	ٹوٹ جائیں دونوں ہاتھ (ابولہب) کے (اضافت کی وجہ سے "ابو" ابی ہو گیا	ابولہب مکہ کا مشہور دشمن اسلام
ابیض	حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ بقر - ۲۳	یہاں تک کہ (سفید) دھاری نمایاں ہو جائے	ابیض و اسود
اتباع	مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ (الظَّنِّ) نساء - ۲۲	اس بارے میں اُن کے پاس کوئی یقینی بات نہیں بجز اس کے کہ گمان کے پیچھے پڑ جائیں	اتباعِ حق
اثر	فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ (اَثَرِ)	پھر میں نے اس فرستادہ کی سواری	

Marfat.com

	الرَّسُوْلِ - طٰہٰ - ۵	کے (نقش قدم) سے ایک مٹھی اٹھالی	دعا کا اثر - کچھ اثر ہوا
اَجْر	فَلَکُمْ (اَجْرٌ) عَظِیْم - آل عمران - ۱۱	تو پھر تم کو بڑا (اجر) ملے	اجر و ثواب
اجسام	وَاِذَا رَاَیْتَهُمْ تُعْجِبُکَ (اَجْسَامُهُمْ) منافقون - ۱	اور جب تو ان کو دیکھے تو ان کے (بدن) تجھ کو اچھے معلوم ہوں	اجسام و ارواح
احبار	اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ توبہ - ۵	انھوں نے بنا رکھا ہے اپنے (علماء) کو	یہود و نصاریٰ کے احبار و رہبان
اِحسان	وَبِالْوَالِدَیْنِ (اِحْسَانًا) بقرہ - ۱۰	اور (ماں باپ کے ساتھ) نیک سلوک کرنا)	ہم پر احسان کیجیے ۔
احسن	یَقُوْلُوا الَّتِیْ هِیَ (اَحْسَنُ) بنی اسرائیل - ۶	ایسی بات کہا کریں جو (اچھی) ہو	قول احسن - طریق احسن احسن و طیب ۔
اَحْمَدُ	یَاْتِیْ مِنْ بَعْدِی اسْمُهٗ (اَحْمَدُ) صف - ۱	آئے گا میرے پاس اس کا نام (لاحمد) ہوگا	احمد مرسل
اِختلاف	وَ(اِخْتِلَافِ) اَلْسِنَتِکُمْ روم - ۳	اور (اختلاف) تمھاری بولیوں کا	اختلاف رائے - اختلاف سے بچو
اِخراج	وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ) الرَّسُوْلِ توبہ - ۲	اور انھوں نے رسول کے نکال دینے) کا قصد کیا	پانی کا اخراج
اَخِیْ	اِنَّ هٰذَا (اَخِیْ) ص - ۲	یہ شخص (میرا بھائی) ہے	اخی محترم
اخیار	وَکُلٌّ مِّنَ (الْاَخْیَارِ) ص - ۲	اور یہ سب (بہتر لوگوں) میں سے تھے	اخیار و ابرار
ادا	وَ(اَدَآءٌ) اِلَیْهِ بِاِحْسَانٍ بقرہ - ۲۲	اور خوبی کے ساتھ اس کو (ادا) کر دینا ہے۔	اپنا فرض ادا کرو - اپنا قرض کب ادا کرو گے
ادبار	وَ(اِدْبَارَ) النُّجُوْمِ طور - ۲	اور ستاروں کے (پیچھے) بھی	جب مغلوں پر ادبار آیا
اِدریس	وَاذْکُرْ فِی الْکِتٰبِ (اِدْرِیْسَ) مریم - ۴	اور اس کتاب میں (ادریس) کا ذکر کر	حضرت ادریس علیہ السلام

Marfat.com

ادنی	اَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِیْ هُوَ اَدْنٰی بقرہ ۷	کیا تم عوض میں لینا چاہتے ہو جو (گھٹیا) ہے	ادنیٰ درجہ۔ ادنیٰ قسم
اِذْن	فَهَزَمُوْهُمْ (بِاِذْنِ) اللہ۔ بقرہ ۲۴	پس شکست دی ان کو اللہ کے حکم سے	اذن عام
ارباب	یَا صَاحِبَیِ السِّجْنِ (اَرْبَابٌ) مُتَفَرِّقُوْنَ۔ یوسف ۔ ۵	اے قید خانہ کے ساتھیوں کیا متفرق (معبود)	ارباب حکومت۔ ارباب اقتدار۔
اَرْبَعَہ	تَرَبُّصُ (اَرْبَعَةِ) اَشْهُرٍ بقرہ ۲۸	(انتظار کرنا ہے (چار) ماہ کا	حدود اربعہ عناصر اربعہ
اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْن	وَهُوَ (اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ) یوسف ۔ ۸	اور وہ (سب مہربانوں سے زیادہ مہربان) ہے	یا ارحم الرحمن
اَرَاذِل	اِلَّا الَّذِیْنَ هُمْ (اَرَاذِلُنَا) ھود ۳۰	مگر وہ جو ہم میں (رذیل تر) ہیں	شہر کے اراذل
اَرْذَل	وَمِنْكُمْ مَّنْ یُّرَدُّ اِلٰی (اَرْذَلِ) الْعُمُرِ۔ نحل ۔ ۹	اور تم میں سے بعض کو (ناکارہ) عمر تک پہنچایا جاتا ہے	وہ شخص ارذل اور کمینہ ہے۔
ارض	اِذَا رُجَّتِ (الْاَرْضُ) رَجًّا واقعہ ۔ ۱	جب کہ (زمین) بڑے زور سے ہلنے لگے گی	ارض و سماوات کرہ ارض
اِرَم	اَلَمْ تَرَ كَیْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ (اِرَمَ) ذَاتِ الْعِمَادِ۔ فجر ۔ ۱	تو نے نہیں دیکھا بڑے بڑے ستونوں والے عاد (ارم) کے ساتھ تیرے رب نے کیا کیا	باغ ارم بعض افسانہ تراشوں نے عاد کے بادشاہ شداد کے عجیب الخلقت باغ کا نام "باغ ارم" رکھ لیا اور یہ من گھڑت محاورہ بن گئی
اساطیر	قَالُوْا (اَسَاطِیْرُ) الْاَوَّلِیْنَ۔ نحل ۔ ۳	کہتے ہیں وہ تو (بے سند باتیں) ہیں جو پہلوں سے چلی آرہی ہیں	اساطیر بنی اسرائیل یعنی بے سروپا اسرائیلی روایات
استغفار	وَمَا كَانَ (اِسْتِغْفَارُ) اِبْرٰهِیْمَ توبہ ۱۴	اور نہیں تھا ابراہیم کا (بخشش مانگنا)	استغفار و توبہ

Marfat.com

استکبار	(اِستِکبَاراً) فِی الاَرضِ (فاطر - ۱۵	ملک میں (سرکشی) تکبر کرنے کی وجہ سے	جبر و استکبار
اسحاق	وَوَهَبنَا لَهُ (اِسحَاق) انبیاء - ۵	اور ہم نے مرحمت فرمایا اس کو (اسحاق	حضرت اسحاق علیہ الصلوٰۃ والسلام
اِسراف	وَلَا تَأکُلُوهَا (اِسرَافاً) نساء - ۱	اور (فضول خرچی) کے (نہ کھاؤ)	اسراف بے جا
اسرائیل	وَمِن ذُرِّیَّةِ اِبرَاهِیمَ وَاِسرَائِیلَ مریم - ۴	اور ابراہیمؑ اور (اسرائیل) کی نسل سے	اسرائیل حضرت یعقوبؑ کا نام ہے۔ آج کل فلسطین کی یہودی آبادی کو اسرائیل کہا جاتا ہے
اَسفَل	ثُمَّ رَدَدنَاهُ (اَسفَلَ) سَافِلِین تین - ۱	پھر ہم ان کو پست حالت والوں سے بھی پست تر کر دیتے ہیں۔	جذبات اسفل
اِسلام	وَرَضِیتُ لَکُمُ (الاِسلَامَ) دِیناً مائدہ - ۱	اور میں نے (اسلام) کو تمہارے لیے دین پسند کیا	مذہب اسلام
اسلحہ	وَلیَأخُذُوا اَسلِحَتَهُم نساء - ۱۵	اور وہ اپنے (ہتھیار) لے لیں	اسلحہ جنگ۔
اِسم	تَبَارَکَ (اِسمُ) رَبِّکَ الرحمن - ۳	بابرکت (نام) ہے تیرے پروردگار کا	اسم ذات۔ اِسم مصدر آپ کا اسم شریف۔
اَسمَاء	اَتُجَادِلُونَنِی فِی (اَسمَاءٍ) اعراف - ۹	کیا تم جھگڑتے ہو مجھ سے (ناموں) کے بارے میں	اسماء الٰہی۔ اسماء افعال
اسماء حسنیٰ	وَلِلّٰهِ (الاَسمَاءُ الحُسنَیٰ) اعراف - ۲۲	اور اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں (اچھے نام)	اسماء حسنیٰ کا ورد۔ اسماء حسنہ بھی کہتے ہیں
اِسمٰعیل	وَاذکُر فِی الکِتَابِ (اِسمٰعِیلَ) مریم - ۴	اور اس کتاب میں (اسمٰعیل) کا ذکر کر	حضرت اسمٰعیل علیہ الصلوٰۃ والسلام
اسود	مِنَ الخَیطِ (الاَسوَدِ) بقر - ۲۳	(سیاہ) دھاگے سے	حجرِ اسود۔ پتھر اسود
اسوۂ حسنہ	قَد کَانَت لَکُم (اُسوَةٌ حَسَنَةٌ) ممتحنہ - ۱	تمہارے لیے (عمدہ نمونہ) ہے	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوہ حسنہ

Marfat.com

اسیر	وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا وَيَتِيمًا وَأَسِيرًا (دھر-۱	اور کھانا کھلاتے ہیں خدا کی محبت میں غریب اور یتیم اور (قیدی) کو	ہم ہوئے تم ہوئے میر ہوئے ان کی زلفوں کے سب اسیر ہوئے
اَشدّ	أَوْ أَشَدُّ خَشْيَةً (نساء-۱۱	یا زیادہ سخت) خوف	اشد ضرورتی
اَشرار	كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِنَ (الْأَشْرَارِ) ص-۶۲	ہم ان کو (برے لوگوں) میں شمار کرتے تھے	گروہِ اشرار
اِشراق اشیاء	يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِشْرَاقِ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَسْأَلُوا عَنْ (أَشْيَاءَ) مائدہ-۱۴	شام اور (صبح) اس کے ساتھ تسبیح کیا کریں اے ایمان والو مت پوچھا کرو ان (چیزوں) کے بارے میں	نمازِ اشراق دنیا میں جتنی اشیاء ہیں
اصحاب	لَهُ (أَصْحَابٌ) يَدْعُونَهُ انعام-۹	اس کے کچھ (ساتھی) ہیں اس کو بلا رہے ہیں	اصحاب رسولؐ
اصحاب کہف	أَمْ حَسِبْتَ أَنَّ (أَصْحَابَ الْكَهْفِ) کہف	کیا تو خیال کرتا ہے کہ (غار والے)	قصہ اصحاب کہف
اصغر	وَلَا (أَصْغَرَ) مِنْ ذَٰلِكَ یونس-۶۱	اور نہ کوئی چیز اس سے (چھوٹی)	برادر اصغر۔ اکبر و اصغر
اصلاح	إِنْ أُرِيدُ إِلَّا (الْإِصْلَاحَ) ھود-۸۸	میں تو (اصلاح) ہی چاہتا ہوں	قوم کی اصلاح معدؑ کی اصلاح
اَصنام	أَتَتَّخِذُ (أَصْنَامًا) آلِهَةً انعام-۹۱	کیا تو (بتوں) کو معبود قرار دیتا ہے	اصنام پرستی
اطراف	فَسَبِّحْ وَ(أَطْرَافَ) النَّهَارِ طٰہٰ-۸۰	پس تسبیح بیان کر اور دن کے (کنارں) میں	اطراف ہند
اطفال	وَإِذَا بَلَغَ (الْأَطْفَالُ) مِنْكُمُ الْحُلُمَ (نور-۵۸)	اور جب تم میں سے (لڑکے) حد بلوغ کو پہنچیں	حیال و اطفال
اعداء	فَلَا تُشْمِتْ بِيَ (الْأَعْدَاءَ) اعراف-۱۵۰	پس مجھ پر (دشمنوں) کو نہ ہنسا	اعدائے اسلام
اعراض	وَإِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ (إِعْرَاضُهُمْ) انعام-۴۰	اور اگر تجھے ان کا (منہ پھیرنا) گراں گزرتا ہے	حق سے اعراض
اعراف	وَعَلَى (الْأَعْرَافِ) رِجَالٌ اعراف	اور (اعراف) کے اوپر آدمی ہوں گے اعراف جنت اور دوزخ کے درمیان ایک	"اعراف والے"

Marfat.com

	دیوار کا نام ہے، جو لوگ اس دیوار پر ہوں گے وہ نجات کے امیدوار ہوں گے		
اَعلیٰ	وَلَهُ الْمَثَلُ (الْاَعْلٰی) روم-۳	اور اس کے لیے (بہت) بڑی شان ہے	اعلیٰ قسم کا سامان
اَعمال	وَلَهُمْ (اَعْمَالٌ) مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ مومنون - ۴	اس کے علاوہ ان لوگوں کے اور بھی (اعمال) ہیں	نیک اعمال
اَعمیٰ	رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِیْ (اَعْمٰی) طٰہٰ - ۷	اے میرے پروردگار تو نے مجھے (اندھا) کیوں اٹھایا	قاری محمد اسمٰعیل اعمیٰ
اَغنیاء	یَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ (اَغْنِیَآءَ) بقرہ-۲	ناواقف ان کو (تونگر) خیال کرتا ہے	فقراء و اغنیاء
اِفتراء	عَلَیْهَا (اِفْتِرَآءً) علیہ الانعام ۷	اس پر (جھوٹ باندھ کر)	افترا مت باندھو
اَفصح	هٰرُوْنُ (اَفْصَحُ) مِنِّیْ لِسَانًا قصص-۴	وہ مجھ سے (زیادہ زبان آور) ہے	زبان عربی افصح زبان ہے
اُفّ	فَلَا تَقُلْ لَّهُمَا (اُفٍّ) اسرائیل - ۲	سو کبھی ان کو (ہاں سے بھی) مت کہنا	اف یہ تم نے کیا کر دیا - نشتر لگنے پر اف تک نہ کی
اُفُق	وَهُوَ (بِالْاُفُقِ) الْاَعْلٰی نجم - ۱	اور وہ بلند (کنارہ) پر تھا	افق ابر آلود ہے شاید چاند نظر نہ آئے
اکابر	وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِیْ كُلِّ قَرْیَةٍ (اَكَابِرَ) مُجْرِمِیْهَا۔ انعام - ۱۵	اور اسی طرح ہم نے ہر بستی میں وہاں کے سرداروں) کو جرائم کا مرتکب بنا دیا	اکابر شہر
اکبر	وَ (اَكْبَرُ) تفضیلا) سرائیل-۲	اور فضیلت کے اعتبار سے (بہت بڑی)	اصغر و اکبر۔ اللہ اکبر
اکثر	اَنَا (اَكْثَرُ) مِنْكَ مَالًا کہف	میں تجھ سے مال میں (زیادہ) ہوں	اکثر آبادی
اکرام	ذُو الْجَلٰلِ وَ (الْاِكْرَامِ) الرحمٰن-۲۰	بڑی عظمت والا بڑے (کرم) والا	اعزاز و اکرام
اکراہ	لَآ (اِكْرَاهَ) فِی الدِّیْنِ بقرہ-۳۴	دین میں (زبردستی) نہیں ہے	جبر و اکراہ
اَکرم	اِقْرَاْ وَرَبُّكَ (الْاَكْرَمُ) علق-۱	پڑھ اور تیرا رب (بڑا کریم) ہے	رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

اِلٰہ	اِلٰـہُکُمْ (اِلٰہٌ) وَّاحِدٌ۔	تمہارا معبود ایک ہی (معبود) ہے	اِلٰہ العٰلمین۔ خانقاہ والے الٰہ بنے بیٹھے ہیں
	نحل - ۳		
اِلحاد	وَمَنْ یُّرِدْ فِیْہِ (بِاِلْحَادٍ)	اور جو کوئی اس میں (حق سے انحراف)	کفر و الحاد
	حج - ۲	کرے گا	
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ	(اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ) الَّذِیْ اَنْزَلَ	(تمام خوبیاں اللہ کے لیے ہیں) جس	الحمد للہ نتیجہ خاطر خواہ نکلا
	کہف - ۱	نے نازل کیا۔	
اَلسُّنّۃ	وَاخْتِلَافُ (اَلْسِنَتِکُمْ) (روم - ۲	اور اختلاف تمہاری (بولیوں) کا	السنۃ شرقیہ
اَلْقَاب	وَلَا تَنَابَزُوْا (بِالْاَلْقَابِ)	اور نہ ایک دوسرے کو برے (لقبوں)	آپ کی ذات القاب سے
	حجرات - ۲	سے پکارو	بے نیاز ہے، مُعَلّٰی الْاَلْقَاب
اِلَّا	(اِلَّا) اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا	(اِلَّا) یہ کہ دستور کے مطابق کوئی بات	ضرور بولیے اِلَّا کسی کی بگڑی
	بقر - ۳۰	کہی جائے	نہ اچھا لیجئے
اَللّٰہ	(اَللّٰہُ) رَبُّنَا وَرَبُّکُمْ۔	(اللہ) ہمارا پروردگار ہے۔ اور تمہارا	اللہ تعالیٰ
	شوریٰ - ۲	پروردگار ہے	
اَلْوَاح	وَاَلْقَی (الْاَلْوَاحَ) اعراف - ۱۸۰	اور ڈالدی (تختیاں)	الواح و کتاب، الواح مزارات
اَلْوَان	مُخْتَلِفٌ (اَلْوَانُہٗ) فاطر - ۲	ان کی (رنگتیں) مختلف	خوش الوان خوش ذائقہ میوے
اِلْیَاس	وَاِنَّ (اِلْیَاسَ) لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ	اور (الیاس) پیغمبروں میں	حضرت الیاس علیہ السلام
	صافات - ۴	سے تھے	
اَلِیْم	وَذُوْ عِقَابٍ (اَلِیْمٍ) حٰمٓ سجدہ - ۵	اور (دردناک) سزا دینے والا	عذاب الیم
اَمَانَات	اَنْ تُؤَدُّوا (الْاَمَانَاتِ) اِلٰی اَھْلِھَا	کہ (امانتیں) ان کے حق داروں کے	جملہ امانات
	نساء - ۸	حوالہ کرو	
امانت	اِنَّا عَرَضْنَا (الْاَمَانَۃَ) احزاب - ۹	ہم نے پیش کی تھی (امانت)	امانت میں خیانت

Marfat.com

امثال	وَضَرَبْنَا لَكُمُ (الْاَمْثَال) ابراہیم - ۷	اور ہم نے تم سے (مثالیں) بیان کیں	ضرب الامثال
امر	ذَالِكَ (اَمْرُ) اللّٰہ) طلاق - ۴	یہ اللہ کا (حکم) ہے	امر و نہی
اَمْعَاء	فَقَطَّعَ (اَمْعَاءَ) هُمْ محمد - ۲	سو وہ ان کی (انتڑیوں) کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا۔	قلب و امعاء میں ضعف آگیا
اُمّ	وَمَا كَانَتْ (اُمُّكِ بَغِيًّا) مریم - ۲	اور نہ تیری (ماں) بدچلن تھی	نزلہ ام الامراض شراب ام الخبائث
اَمَّارَہ	اِنَّ النَّفْسَ (لَاَمَّارَةٌ) بِالسُّوْءِ یوسف - ۷	بے شک نفس برائی کے لیے (بڑا ہی اُبھارنے والا) ہے	نفس امّارہ
امت مسلمہ	وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا (اُمَّةً مُّسْلِمَةً) لَّكَ بقر - ۱۵	اور ہماری اولاد میں سے تیری (فرماں بردار امت)	امت مسلمہ
اُمَم	قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَا (اُمَمٌ) رعد - ۴	اس سے پہلے اور بہت سی (امتیں) گزر چکی ہیں	انقلاب امم۔ ملل و امم
اُمَّهَات	وَ(اُمَّهَاتُ) نِسَاءِكُمْ - نساء - ۴	اور تمھاری بی بیوں کی (مائیں)	امہات المومنین (یعنی ازواج مطہرات)
امن	فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ (بِالْاَمْنِ) انعام - ۹	سو ان دونوں جماعتوں میں سے (امن) کا زیادہ مستحق کون ہے	امن و امان امن قائم ہو گیا۔
اموال	وَ(اَمْوَالَ) ۞ اقْتَرَفْتُمُوْهَا تَرَبَّ	اور (مال) ہو تم نے کمائے ہیں	اموال و اولاد
امور	وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ (الْاُمُوْرِ) - حج - ۶	اور سب (کاموں) کا انجام اللہ کے اختیار میں ہے	غور طلب امور
امین	اَلْقَوِيُّ (الْاَمِيْنُ) قصص - ۲	طاقت ور (امانت دار)	مکہ میں آپؐ کا لقب امین تھا امین الامۃ عبیدۃ بن الجراح
اُمّی	اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ	جو لوگ کہ ایسے (ان پڑھ) نبی کی	وہ نبیوں میں امی لقب

Marfat.com

	النَّبِیَّ (الْاُمِّیَّ) اعراف - ١٩	پیروی کرتے ہیں	پلٹنے والا۔
اِناث	یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ (اِنَاثًا) شوریٰ - ٥	جس کو چاہتا ہے (بیٹیاں) عنایت فرماتا ہے	طبقہ اناث
اِنتقام	وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ ذُوانْتِقَامٍ) آل عمران	اور (اللہ غالب ہے (بدلہ) لینے والا	جذبہ انتقام
اِنجیل	وَمَثَلُهُمْ فِی (الْاِنْجِیْلِ) فتح - ٤	اور (انجیل) میں ان کا وصف یہ ہے	انجیل مقدس
اِنس	(اِنْسٌ) قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ الرحمن - ٧٤	نہ کسی (انسان) نے ان سے پہلے اور نہ کسی جن نے	انس و جن
اَنساب	فَلَا (اَنْسَابَ) بَیْنَهُمْ مومنون - ٦	پس نہ (رشتے) ان کے درمیان	علم الانساب
اِنسان	اَیَحْسَبُ (الْاِنْسَانُ) قیامۃ - ١	کیا (انسان) خیال کرتا ہے	اچھے انسان بنو
اِن شاء اللہ	(اِنْ شَآءَ اللّٰهُ) اٰمِنِیْنَ۔ یوسف - ١١	(اگر خدا نے چاہا) تو تمہارے لیے سلامتی ہے	ان شاء اللہ کام ہو جائے گا۔
انصار	نَحْنُ (اَنْصَارُ) اللّٰهِ - صف - ٢	ہم اللہ کے (مددگار) ہیں	انصار مدینہ مہاجر و انصار
اَنہار	وَ (اَنْهٰرٌ) مِّنْ لَّبَنٍ محمد - ٢	اور (نہریں) ہیں دودھ کی	محکمہ انہار
اہل کتاب	وَلَوْ اٰمَنَ (اَهْلُ الْكِتٰبِ) العمران - ١٢	اور اگر (اہل کتاب) ایمان لے آتے	اہل کتاب یہود و نصاریٰ
اَولاد	وَشَارِكْهُمْ فِی الْاَمْوَالِ وَ (الْاَوْلَادِ) اسرائیل - ٧	اور ان کے مال اور (اولاد) میں اپنا ساجھا کرلے	کثرت اولاد
اُولوالامر	اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَ (اُولِی الْاَمْرِ) مِنْكُمْ	اللہ کا کہنا مانو اور اس کے رسول کا کہنا مانو اور (تم میں جو اہل حکومت) ہیں ان کا بھی۔ اولوالامر منصوب ہونے کے باعث "اولی الامر" ہو گیا۔	اولوالامر واجب الطاعت ہیں۔

Marfat.com

اوّابین	فَاِنَّهٗ کَانَ (لِلْاَوَّابِیْنَ) غَفُوْرًا - اسرائیل - ۳	تو وہ (توبہ کرنے والوں) کی خطا معاف فرما دیتا ہے	صلوٰۃ اوّابین
اوّل	وَھُوَ خَلَقَکُمْ (اَوَّلَ) مَرَّۃٍ حٰمٓ سجدہ - ۳	اور اس نے تم کو (اول) بار پیدا کیا	امتحان میں اول آئے
ایمان	وَلَمَّا یَدْخُلِ (الْاِیْمَانُ) حجرات - ۲	اور ابھی تک (ایمان) داخل نہیں ہوا	ایمان و عمل صالح ایماں کامل ایمان دار
اَیّام	فِیْ (اَیَّامٍ) نَحِسَاتٍ حٰمٓ سجدہ	منحوس (دنوں) میں	مسرور ایام - اُن ایّام میں
اَیُّوب	وَ (اَیُّوْبَ) اِذْ نَادٰی رَبَّہٗ انبیاء - ۶	اور (ایوب) کا ذکر جب کہ اُس نے اپنے رب کو پکارا	صبر ایوبی - حضرت ایوب علیہ السلام

ب

بابل	وَمَآ اُنْزِلَ عَلَی الْمَلَکَیْنِ (بِبَابِلَ) بقر - ۱۲	اور جو ان دو فرشتوں پر نازل کیا گیا تھا (بابل) میں	کلدانیوں کا پایہ تخت بابل
بارد	لَا (بَارِدٍ) وَلَا کَرِیْمٍ واقعہ - ۲	نہ (ٹھنڈا) اور نہ فرحت بخش	نیلوفر بارد ہے۔
بارک	وَ (بٰرَکَ) فِیْھَا وَقَدَّرَ فِیْھَا حٰمٓ سجدہ - ۲	اور اس میں (برکت دی) اور اس میں اندازہ ٹھیرا دیا	بارک اللہ بطور تحسین و دعا"
بادیٔ	ھُوَ اللّٰہُ الْخَالِقُ (الْبَارِئُ) الْمُصَوِّرُ حشر - ۳	وہ اللہ پیدا کرنے والا (ٹھیک ٹھیک) بنانے والا) صورت بنانے والا ہے	باری تعالیٰ
باطل	وَ (بَاطِلٌ) مَّا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ اعراف - ۶	اور (بے بنیاد) ہے جو وہ کرتے تھے	باطل سے دبنے والے اے آسمان نہیں ہم (اقبال)

Marfat.com

باطن	هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ) حدید - ۱	وہی پہلے ہے اور وہی پیچھے اور (وہی ظاہر اور وہی مخفی)	اس کا ظاہر باطن بہت اچھا ہے
باقی	وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ (باقی) نحل - ۱۳	اور جو اللہ کے پاس ہے وہ (باقی رہنے والا) ہے	کس قدر باقی ہے؟
بال	فَمَا (بَالُ) الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰى طٰہٰ - ۲	اچھا تو پہلے لوگوں کا کیا حال ہوا۔	فارغ البال
بالغ	هَدْيًا (بَالِغَ) الْكَعْبَةِ مائدہ - ۱۳	بطور نیاز کعبہ تک (پہنچائی جائے)	دین خلدون ایک بالغ نظر مؤرخ تھا
	(اِنَّ اللّٰهَ (بَالِغُ) اَمْرِهٖ ط طلاق - ۱	اللہ تعالیٰ اپنا کام (پورا کر کے رہتا ہے)	لڑکا بالغ ہو گیا۔
			نعمت عرب میں بالغ اور بالغہ کا یہ مفہوم بھی وجود ہے۔ قرآن میں اس مفہوم کو یوں ادا کیا گیا ہے "اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ" جب پہنچا جوانی کو "اِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ" جب تم میں کے لڑکے بالوغ کو پہنچیں
بالغہ	حِكْمَةٌ (بَالِغَةٌ) قمر - ۱	حکمت (پہنچنے والی) مطلب کو	حجتِ بالغہ۔ لڑکی بالغ ہے
باغی	فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ (بَاغٍ)	جو بے قرار ہو جائے (حکم عدولی کرنے والا) نہ ہو	فوج باغی ہو گئی
بحر	اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ (بَحْرٍ) لُّجِّيٍّ	یا وہ ایسے ہیں جیسے گہرے (سمندر)	بحر اوقیانوس

Marfat.com

	نور - ۵	کے اندرونی اندھیرے ہیں	بحر و بر
بدر	وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ	اور یقیناً اللہ نے تمہاری مدد کی	غزوہ بدر۔ جنگ بدر۔
	آل عمران - ۱۳	(بدر) میں	
بدل	بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا	برا (بدل) ہے ظالموں کے لیے	نعم البدل۔ کھیر کھچڑی
	کہف - ۷		کا بدل ہے۔
بدن	فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ	پس آج ہم تیرے (جسم) کو بچا	گورا بدن۔ دوہرا بدن
	یونس - ۹	لیں گے	
براءت	بَرَاءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ	(۱) اللہ اور اس کے رسول کی طرف	حضرت عائشہؓ کی براءت میں
	توبہ - ۱	سے (بری الذمہ ہونے) کا اعلان ہے	فلاں آیت نازل ہوئی
		(۲) اللہ اور اس کے رسول کی طرف	کا مگر سے مجھ کو اظہار
		سے (صاف جواب) ہے	براءت کیوں نہیں (شبلی نعمانی)
بَرّ	فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ	(خشکی) اور سمندر کی تاریکیوں میں	بحر و برّ
برزخ	بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ	دونوں کے درمیان ایک (حجاب)	عالم برزخ
	الرحمن - ۱	ہے کہ دونوں نہیں بڑھ سکتے	
برق	هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ	وہی ہے جو تم کو (بجلی) کی چمک	برق و باد۔ برق رفتار
	(رعد - ۲)	دکھاتا ہے۔	
برکات	رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ عَلَيْكُمْ	اللہ کی رحمت اور اس کی (برکتیں)	نزول برکات
	اَهْلَ الْبَيْتِ (ہود - ۷)	تم پر ہوں اے گھر والو	
برہان	لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ (مومنون - ۱)	اس پر اس کے پاس کوئی (دلیل) نہیں	برہانِ قاطع
بری	فَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ	جو کچھ تم کرتے ہو اس سے میں (بری)	ملزم بری ہو گیا۔
	یونس - ۵	اللہ سے ہوں	

Marfat.com

بساط	واللّٰہ جعل لکم الارض (بساطاً) نوح ۱	اور اللہ نے زمین کو تمھارے لیے (فرش) بنایا	بساط، بساط شطرنج، بساط سلطنت الٹ گئی
بشر	ھل ھذا الا بشر مثلکم یٰسین ۵	یہ کیا ہے تم جیسا (آدمی) ہے	فرد بشر
بشریٰ	یا بشریٰ ھذا غلام یوسف ۱۲	لڑکا (مژدہ) ہو یہ تو لڑکا ہے	بشریٰ اس نام کی چند کتابیں ہیں
بشیر	فقد جاءکم بشیر و نذیر مائدہ ۔ ۳	تو اب (بشارت دینے والا) اور ڈرانے والا تمھارے پاس آگیا۔	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بشیر و نذیر تھے۔
بصائر	ھذا (بصائر) للناس جاثیہ ۲	یہ لوگوں کے لیے (دانش مندیاں) ہیں	مضمون کا عنوان "بصائر و عبر"
بصر	فارجع البصر (ھل ترٰی) ملک ۱	پھیر (نگاہ) ڈال	قرآن کو "نور البصر" خط میں لکھتے ہیں
بصیر	انہ بکل شیء (بصیر) ملک ۱	وہ ہر چیز پر (نگران) ہے	خدا سمیع و بصیر ہے۔
بصیرۃ	علیٰ (بصیرۃ) انا یوسف ۱۲	اس (روشنی) کی بنا پر جو میرے سامنے ہے	بصیرت ایمانی
بطن	لبثت فی (بطنہ) عنکبوت ۔ ۵	البتہ اس کے (پیٹ) میں رہتا	بطن مادر۔ بطن گیتی
بعد	وکفروا (بعد) اسلامھم توبہ ۱۰	اور اپنے اسلام کے (بعد) کافر ہو گئے	میرے بعد۔ بعد کو آئیے
بعد المشرقین	یا لیت بینی و بینک (بعد المشرقین) زخرف ۔ ۴	اے کاش میرے اور تیرے درمیان (مشرق و مغرب کے برابر دوری) ہوتی	دو لوگ بھائیوں کے مزاج میں بعد المشرقین ہے۔
بعض	ولقد فضلنا (بعض) النبیین علیٰ بعض بنی اسرائیل ۔ ۶	اور ہم نے (بعض) نبیوں کو بعض پر فضیلت دی	بعض لوگ۔
بعید	اذا رأتھم من مکان (بعید) فرقان ۔ ۲	جب وہ اُن کو (دور) سے دیکھے گی	بعید از قیاس۔ قریب و بعید فاصلہ بعید
بغیر	رفع السموٰت (بغیر) عمد ترٰونھا رعد ۔ ۱	اس نے آسمانوں کو (بغیر) ستون کے بلند کیا	جسمانی قوت کے بغیر کیا کہہ سکو گے؟
بغیر حساب	اجرھم (بغیر حساب) زمر ۔ ۲	ان کا صلہ (بے حساب) ہوگا	بغیر حساب جنت میں داخلہ

Marfat.com

بقر	اِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا	ہمارے لیے (گائے) کی پہچان	بقر عید۔ بقر قصاب
	بقر - ۸	مشکل ہے۔	
بقیہ	(اِبْقِيَّتُ) اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ۔	اللہ کا دیا جو کچھ بچ رہے تمہارے	بقیۃ السیف نے راہ قرار
	ھود - ۸	لیے بہتر ہے	اختیار کی۔
بلا	اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ	حقیقت میں یہ تھا ہی بڑا امتحان	بلا نازل ہوگئی
	صافات - ۳		
بلاد	نَنْقِبُوْا فِي الْبِلَادِ) ق - ۳	تمام شہروں کو چھانتے پھرتے تھے	بلاد شام۔ بلاد ہند
بلاغ	هٰذَا (بَلٰغٌ) لِّلنَّاسِ ابراہیم - ۷	یہ انسانوں کے لیے (پیام) ہے	بلاغ ہدایت۔ بلاغ مضمون
بلد	وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى (بَلَدٍ)	اور تمہارا بوجھ اٹھا کر (شہر) تک	طول بلد۔ عرض بلد
	نحل - ۱	لے جاتے ہیں	
بلدہ	(بَلْدَةٌ) طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ	(شہر) پاکیزہ اور بخشنے والا پروردگار	زوال بلدہ - سابق شہر
	سبا - ۲		حیدرآباد دکن کی زبان۔
بلیغ	وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًا	اور کہہ ان سے (دل نشین) بات	کلام بلیغ - شعر بلیغ
	(بَلِيْغًا) نساء - ۹		
بنات	اَمْ لَهُ الْبَنَاتُ) وَلَكُمُ الْبَنُوْنَ	کیا خدا کے لیے (بیٹیاں) ہیں اور	مدرسۃ البنات
	طور - ۲	تمہارے لیے بیٹے	
بنی آدم	وَلَقَدْ كَرَّمْنَا (بَنِيْٓ اٰدَمَ)	اور ہم نے (آدم کی اولاد) کو بزرگی	بنی آدم اعضائے یک دیگر اند۔
	اسرائیل - ۷	دی۔	تمام بنی آدم
بنی اسرائیل	سَلْ (بَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ) بقر - ۲۶	(بنی اسرائیل) سے پوچھ	بنی اسرائیل نے بحر احمر کو پار کر لیا
بہتان	هٰذَا (بُهْتَانٌ) عَظِيْمٌ نور - ۲	یہ تو بڑا (بہتان) ہے	بہتان نہ لگاؤ
بحجت	فَاَنْبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ	پھر ہم نے اس کے ذریعے سے یہ	سرور و بہجت

Marfat.com

	(بَيِّنَة) المل - ۵	(روشن) باغ اگاشے	
بیان	هٰذَا (بَيَانٌ) لِلنَّاسِ	یہ (بیان) ہے لوگوں کے لیے	ملزم کا بیان وضاحت سے بیان کیجیے۔
	آل عمران ۱۳۸		
بیت	اَوْ يَكُوْنَ لَكَ (بَيْتٌ) مِّنْ زُخْرُفٍ - اسرائیل - ۱۰	یا تیرے لیے سونے کا بنا ہوا (گھر) ہو	بیت اللہ شریف بیت العلم
بیت الحرام	جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ - مائدہ ۱۳	اللہ تعالیٰ نے بنایا کعبہ (عزت کے گھر کو	بیت الحرام کعبہ
بیت المعمور	وَ الْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ طور - ۱	قسم ہے (بیت المعمور) کی	بیت المعمور فرشتوں کی عبادت گاہ ساتویں آسمان پر
بیضا	(بَيْضَاءَ) لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ صافات - ۴۶	(سفید) پینے والوں کے لیے لذیذ	ملتہ بیضا معجزہ ید بیضا
بیض	وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌ بِيْضٌ فاطر - ۲۷	پہاڑوں کے مختلف حصے ہیں (سفید)	ایام بیض کے روزے
بَيْع	وَذَرُوا (الْبَيْعَ) جمعہ - ۹	اور (خرید و فروخت) چھوڑ دو	کیا بیع ختم ہو گئی
بَيْن	بَيْنَكَ وَبَيْنَ) الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ - اسرائیل - ۵	تیرے اور ان لوگوں کے (درمیان) جو ایمان نہیں رکھتے۔	ابھی تک معاملہ بین بین ہے یعنی ادھر نہ ادھر دونوں ملکوں کے مابین متنازعہ امور
بَيِّنَات	فِيْهِ اٰيَاتٌ (بَيِّنَاتٌ) آل عمران ۹۷	اس میں (واضح) نشانیاں ہیں	آیات بینات کا نزول
بَيِّنَة	اِنْ كُنْتُ عَلٰى (بَيِّنَةٍ) مِّنْ رَّبِّيْ - ہود - ۸۸	اگر میں اپنے رب کی جانب سے (دلیل) پر ہوں	استاد فقہ دوران درس کہتے ہیں مدعی کے ذمہ بینہ ہوگا

۱۵۲۵۹

Marfat.com

ت

تابع	(وَمَا أَنْتَ بِتَابِعٍ) قِبْلَتَهُمْ بقرہ - ۱۷	اور تو ان کے قبلہ کا پیروی کرنے والا) نہیں	حکم کے تابع
تابعین	(أَوِ التَّابِعِينَ) غَيْرِ أُولِي الْإِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ (نور - ۴)	(یا خدمت میں رہنے والے) غیر خواہش مند مردوں کے لیے	صحابہ و تابعین کا زمانہ تابعین وہ ہیں جنھوں نے فیض صحبت پایا۔
تارِك	(فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ) بَعْضَ مَا يُوحَىٰ إِلَيْكَ - ہود - ۱۲	پر جو کچھ تجھ پر وحی کیا جاتا اس میں سے شاید تو کچھ (چھوڑنے والا) ہے	تارکِ نماز - تارکِ دنیا
تَبَارَك	(تَبَارَكَ) الَّذِي نَزَّلَ الْفُرْقَانَ فرقان - ۱	بہت (برکت والا) ہے وہ جس نے یہ فیصلہ کی کتاب اتاری	اللہ تبارک و تعالیٰ
تبدیل	(لَا تَبْدِيلَ) لِكَلِمَاتِ اللَّهِ یونس - ۶۴	اللہ کے قول (بدلا) نہیں کرتے	تبدیل لباس
تبذیر	وَلَا تُبَذِّرْ (تَبْذِيرًا) بنی اسرائیل - ۲۶	اور (بے جا خرچ) مت کر	اسراف و تبذیر
تَبْصِرَة	(تَبْصِرَةً) وَذِكْرَىٰ لِكُلِّ عَبْدٍ مُنِيبٍ ق - ۱	جو ذریعہ ہے (دیدہ افروزی) اور (دانائی) کا ہر رجوع ہونے والے بندہ کے لیے	اس کتاب پر تبصرہ لکھیے ہماری گفتگو پر تبصرہ تو کیجیے
تجارت	وَ(تِجَارَةٌ) تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا (توبہ - ۲۴)	اور (تجارت) جس کے مندا پڑ جانے سے ڈرتے ہو	صنعت و تجارت
تحت تحت الثری	كَانَتَا (تَحْتَ) سَعْدِ بْنِ تحریم - ۴ وَمَا (تَحْتَ الثَّرَىٰ) طٰہٰ - ۶	دونوں تھیں (نیچے) دو بندوں کے اور جو کچھ (مٹی کے نیچے) ہے	ماتحت - تحت الشعور فوق و تحت آسمان سے تحت الثریٰ تک
تخفیف	(ذَٰلِكَ) (تَخْفِيفٌ) مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ بقرہ - ۲۴	یہ تمھارے پروردگار کی طرف سے (تخفیف) ہے اور ترحم	گریڈ میں تخفیف ہوگی ہاپوسٹ آفس کے کئی ملازم تخفیف میں آگئے

Marfat.com

تحریف	وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰیَاتِ اِلَّا (تَخْوِیفًا) بنی اسرائیل - ۶۰	اور ہم معجزات صرف (ڈرانے) کے لیے بھیجا کرتے ہیں	تحریص و تخویف سے کام لیجیے
تذکیر	اِنْ کَبُرَ عَلَیْکُمْ مَقَامِیْ وَ (تَذْکِیْرِیْ) یونس	اگر تم پر گراں ہے میرا رہنا اور میرا (نصیحت کرنا)	وعظ و تذکیر
تذلیل	وَذَلَّلَتْ قُطُوْفُهَا (تَذْلِیْلًا) دھر	ان کے خوشے (اختیار میں) ہوں گے	تحقیر و تذلیل
ترتیل	وَرَتَّلْنٰهُ (تَرْتِیْلًا) فرقان - ۳	ہم نے اس کو (ٹھیر ٹھیر کر) اتارا ہے	قرآن ترتیل سے پڑھو
تسبیح	وَلٰکِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ (تَسْبِیْحَهُمْ) بنی اسرائیل - ۵۰	اور لیکن تم ان کی (تسبیح) کو سمجھتے نہیں	تسبیح و تسلیل
			تسبیح ہزار دانہ
تسلیم	وَسَلِّمُوْا (تَسْلِیْمًا) احزاب - ۷	اور (سلام) بھیجتے رہو	تسلیم بصد تکریم مجھے تسلیم ہے
تسنیم	وَمِزَاجُهٗ مِنْ (تَسْنِیْم) تطفیف ۱	اور اس کی آمیزش (تسنیم) سے ہوگی۔	کوثر و تسنیم
تصدیق	وَلٰکِنْ (تَصْدِیْقَ) الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ - یونس - ۱۴	اور لیکن (تصدیق) کرنے والا ہے ان کتابوں کی جو اس سے پہلے نازل ہوئیں	میں تصدیق کرتا ہوں
تضرّع	تَدْعُوْنَهٗ (تَضَرُّعًا) وَخُفْیَةً انعام - ۸	اس کو پکارتے ہو (آہ و زاری) کرتے ہوئے اور چپکے چپکے	عجز و تضرع
تطہیر	وَیُطَهِّرَکُمْ (تَطْهِیْرًا) احزاب - ۴	اور تم کو (پاک و صاف کر دے)	تطہیر باطن
تعالیٰ	(تَعَالٰی) عَمَّا یُشْرِکُوْنَ - نحل - ۵	(وہ بلند ہے) ان کے شرک سے	اللہ تعالیٰ
تفاخر	وَ(تَفَاخُرٌ) بَیْنَکُمْ حدید - ۳	اور تمہارا آپس میں (فخر کرنا)	حسب و نسب پر تفاخر
تفاوت	مَا تَرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ (تَفَاوُتٍ) ملک - ۱	تو رحمٰن کی آفرینش میں کوئی (فرق) نہ دیکھے گا۔	دونوں بھائیوں کے خصائل میں کسقدر تفاوت ہے
تفریق	وَ(تَفْرِیْقًا) بَیْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ توبہ - ۱۳	اور (جدائی ڈالنے) کو ایمان داروں کے درمیان	ملک میں تفریق مت ڈالو۔

Marfat.com

تفسیر	وَاَحْسَنَ (تفسیرًا) فرقان-۳	اور (وضاحت) میں بہتر	تفسیر قرآن
تفصیل	وَ(تفصیلَ) کُلِّ شَیْءٍ یوسف-۱۲	اور (ساری باتوں کی تفصیل) ہے	واقعہ کی تفصیل یہ ہے۔
تفضیل	وَاَلْبَرُ (تفضیلًا) بنی اسرائیل-۲	اور (برتری) میں کہیں بڑھ کر	وہ شیعہ تو نہیں مگر تفضیلی ہیں یعنی اصحاب ثلاثہ پر حضرت علیؓ کو فضیلت دیتے ہیں۔
تقدیر	ذٰلِكَ (تقدیرُ) الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ یٰسٓ-۳	یہ (اندازہ مقرر) کیا ہوا ہے زبردست اور علم والے خدا کا	تقدیر میں یہی تھا
تقویٰ	هُوَ اَهْلُ (التَّقْوٰی) مدثر-۵	وہ اسی لائق ہے کہ اسی سے (ڈرنا) چاہیئے۔	زید و تقویٰ
تلاوت	یَتْلُوْنَهٗ حَقَّ (تِلَاوَتِهٖ) بقرہ-۱۴	وہ اس کی تلاوت کرتے ہیں جس طرح (تلاوت) کرنے کا حق ہے	تلاوتِ قرآن پاک
تمام	ثُمَّ اٰتَیْنَا مُوْسَی الْكِتٰبَ (تَمَامًا) انعام-۱۹	پھر ہم نے موسیٰ کو کتاب دی (پوری) نعمت	تمام مخلوق
تہلکہ	وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْكُمْ اِلَی (التَّهْلُكَةِ) بقرہ-۲۴	اور اپنے آپ کو اپنے ہاتھوں ہلاکت میں مت ڈالو	ملک میں تہلکہ برپا ہو گیا
توّاب	وَاَنَّ (التَّوَّابَ) الرَّحِیْمَ بقرہ-۱۹	اور میں (بڑا ہی توبہ قبول کرنے والا) مہربان ہوں	خدا توّاب و غفار ہے
توبہ	وَهُوَ الَّذِیْ یَقْبَلُ (التَّوْبَةَ) شوریٰ-۳	اور وہی ہے جو (توبہ) قبول کرتا ہے	توبہ و انابت
توبہ نصوحا	تُوْبُوْا اِلَی اللّٰهِ (تَوْبَةً نَّصُوْحًا) تحریم-۲	اللہ تعالیٰ کے آگے (خالص توبہ) کرو۔	اصل توبہ توبہ نصوحا ہے

Marfat.com

تورات	وَعِنْدَهُمُ (التَّوْرَاةُ) مائدہ - ۶	اور ان کے پاس (تورات) ہے	تورات مقدس
توفیق	وَمَا (تَوْفِيقِي) إِلَّا بِاللَّهِ ھود - ۸	اور نہیں میری (توفیق) مگر اللہ کے ساتھ	خدا توفیق دے

ث

ثابت	أَصْلُهَا (ثَابِتٌ) ابراہیم - ۴	اس کی جڑ (گڑی ہوئی) ہے	ثابت قدم
ثالث	قَالُوا إِنَّ اللَّهَ (ثَالِثُ) ثَلَاثَةٍ (مائدہ - ۱۰)	انھوں نے کہا کہ اللہ (تیسرا) ہے تین میں کا	مقدمہ میں ثالث
ثبوت	فَتَزِلَّ قَدَمٌ بَعْدَ (ثُبُوتِهَا) نحل - ۱۳	کبھی قدم (جمنے) کے بعد پھسل نہ پڑے	بارِ ثبوت
ثقیل	إِنَّا سَنُلْقِي عَلَيْكَ قَوْلًا (ثَقِيلًا) مزمل - ۱	ہم تم پر ایک (بھاری) کلام ڈالنے کو ہیں	ثقیل غذا
ثلث	فَلِأُمِّهِ (الثُّلُثُ) نساء - ۲	پس اس کی ماں کے لیے (تہائی) ہے	بیٹے کے ترکہ میں ماں کو ثلث ملے گا۔
ثمر	وَكَانَ لَهُ (ثَمَرٌ) کہف - ۵	اور تھا اس کے لیے (میوہ)	اتنی دوڑ دھوپ کا کچھ ثمر ملا
ثمرات	وَمِنْ (ثَمَرَاتِ) النَّخِيلِ والاعناب - نحل - ۹	کھجور اور انگور کے (پھلوں) سے	برے کاموں کے برے ثمرات
ثمود	وَإِلَىٰ (ثَمُودَ) أَخَاهُمْ صَالِحًا ہود - ۶	اور (ثمود) کے پاس ان کے بھائی صالحؑ کو بھیجا	قوم ثمود کی تباہی
ثواب	فَآتَاهُمُ اللَّهُ (ثَوَابَ) الدُّنْيَا آل عمران - ۵	سو اللہ نے ان کو دنیا میں بھی (بدلہ) دیا	اجر و ثواب

Marfat.com

ج

جامع	وَرَبَّنَا اِنَّكَ (جَامِعُ) النَّاسِ آل عمران - ۱	ہمارے پروردگار بلاشبہ تو تمام لوگوں کا (جمع کرنے والا) ہے	آپ کی ذات خوبیوں کی جامع ہے، جامع مانع جواب ہے
جانب	وَوٰعَدْنٰكُمْ (جَانِبَ) الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ طٰہٰ - ۴	اور ہم نے تم سے کوہ طور کی داہنی (جانب) آنے کا وعدہ کیا تھا	جانب مشرق
جاہل	يَحْسَبُهُمُ (الْجَاهِلُ) اَغْنِيَاءَ بقرہ ۳۷	(ناواقف) اُن کو تونگر خیال کرتا ہے	نوشت و خواند سے جاہل
جاہلیت	ظَنَّ (الْجَاهِلِيَّةِ) آل عمران ۱۶۰	(جاہلیت) کا گمان	اور جاہلیت
جبّار	(الْجَبَّارُ) الْمُتَكَبِّرُ حشر ۳	(زبردست) بڑی عظمت والا	جبار و قہار
جبال	يٰجِبَالُ) اَوِّبِي مَعَهٗ سبا - ۲	اے (پہاڑو) اس کے ساتھ تسبیح دھراؤ	قلہ ہائے جبال یعنی پہاڑوں کی چوٹیاں
جبریل	وَ(جِبْرِيْلَ) وَمِيْكَالَ بقرہ ۱۲	اور (جبریل) اور میکائیل کا	حضرت جبریلؑ
جبل	ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ (جَبَلٍ) مِّنْهُنَّ جُزْءًا (بقرہ - ۳۵)	پھر ہر (پہاڑ) پر ان میں کا ایک ایک ٹکڑا رکھدو	دشت و جبل
جبین	فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ (لِلْجَبِيْنِ) صافات - ۳	پس جب دونوں نے رضا و تسلیم اختیار کر لیا اور (پیشانی) کے بل اس کو پچھاڑا	پسینہ پونچھے اپنی جبیں سے، جبین مبارک
جدال	فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا (جِدَالَ) فِي الْحَجِّ - بقرہ ۳۵ -	نہ کوئی فحش بات اور بدکاری اور نہ (جھگڑا) حج میں	جدال و قتال کا بازار گرم ہو گیا۔
جدل	وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ (جَدَلًا) کہف - ۸۰	اور انسان (جھگڑے) میں سب سے بڑھ کر ہے	جنگ و جدل
جدید	وَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ (جَدِيْدٍ) رعد ۱	تو کیا ہم (نئی) پیدائش میں ہوں گے	جدید و قدیم

Marfat.com

جزا	فَلَهٗ (جَزَآءَ) نِ الْحُسْنٰی کہف - ۱۱	تو اس کے (بدلے) اس کو بھلائی ملے گی	جزا و سزا
جزء	لِکُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ (جُزْءٌ) مَّقْسُوْمٌ - حجر ۳	ہر دروازہ کے لیے ان میں سے الگ الگ حصہ)	نمک سالن کا جزء ہے
جسد	وَاَلْقَيْنَا عَلٰی کُرْسِيِّهٖ (جَسَدًا) ص - ۴	اور ہم نے اس کے تخت پر ایک (دھڑ) لا ڈالا	جسد خاکی
جسم	وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِی الْعِلْمِ وَ (الْجِسْمِ) بقر - ۳۲	اور اس کو علم اور (جسم) میں فراخی دی	سارے جسم میں درد ہے
جمال	وَلَكُمْ فِيْهَا (جَمَالٌ) حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ نحل - ۱	اور ان میں تمہارے لیے (خوش نمائی) ہے جب شام کے وقت ان کو واپس لاتے ہو اور جب صبح کو چھوڑتے ہو	حسن و جمال ہر دل پہ چھا رہا ہے رعب جمال تیرا
جمعہ	اِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ (الْجُمُعَةِ) جمعہ - ۲	جب جمعہ کے دن نماز کے لیے اذان کہی جائے	نماز جمعہ ۔ زور جمعہ ۔
جمیل	فَصَبْرٌ (جَمِيْلٌ) یوسف - ۲	پس صبر ہی (اچھا ہے)	حسین و جمیل
جمیع	فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ یٰس - ۴	پس یکایک وہ (سب) ہمارے پاس حاضر کر دیے جائیں گے	جمیع مخلوق
جن	يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ (وَالْاِنْسِ) رحمٰن - ۲	اے گروہ (جن) و انس	آدمی کیا ہے جن ہے
جنت	اَمْ (جَنَّةُ) الْخُلْدِ ۔ فرقان - ۲	یا ہمیشہ رہنے کی (جنت)	اہل ایمان کا مقام جنت
جنت مأوی	عِنْدَهَا (جَنَّةُ الْمَاْوٰی) نجم - ۱	اس کے قریب (جنت الماوی) ہے	جنت ماوی کو سدھار گئے
جنود	وَمَا يَعْلَمُ (جُنُوْدَ) رَبِّكَ اِلَّا هُوَ مدثر - ۱	اور تیرے رب کے (لشکروں) کو بجز اس کے کوئی نہیں جانتا	جنود قاہرہ

Marfat.com

جہاد	(اِن کُنتُم خَرَجتُم جِہَادًا)	اگر تم نکلتے (جہاد) کی غرض سے	جہاد فی سبیل اللہ۔
	ممتحنہ - ۱		جہاد زندگی۔
جہالت	عَمِلُوا السُّوءَ (بِجَہَالَۃٍ) نحل ۱۰	(جہالت) سے بُرا کام کر لیا	جہالت کو مٹاؤ
جَہد	وَاَقسَمُوا بِاللّٰہِ (جَہدَ	اور وہ (بڑا زور لگا کر) اللہ کی قسم	جَہد و جُہد
	اَیمَانِہِم - نور - ۷	کھاتے ہیں	دونوں لفظ رائج ہیں
جُہد	وَالَّذِینَ لَا یَجِدُونَ اِلَّا	اور جو نہیں پاتے بجز اپنی (محنت	جُہدِ بلیغ
	(جُہدَ) ہم - توبہ - ۱۰	مزدوری) کے	
جَہر	سِرًّا وَّجَہرًا - نحل - ۱۰	پوشیدہ اور (علانیہ)	ذکر بالجہر
جہنم	قِیلَ اَدخُلُوا اَبوَابَ (جَہَنَّمَ)	کہا جائے گا کہ (جہنم) کے دروازوں میں	نارِ جہنم
	زمر - ۸	داخل ہو جاؤ۔	
جواب	فَمَا کَانَ (جَوَابَ) قَومِہٖ	پس اس کی قوم کے پاس کوئی (جواب)	سوال و جواب
	عنکبوت - ۳۰	نہ تھا	
جوع	لِبَاسَ (الجُوعِ) وَالخَوفِ	(بھوک) اور خوف کا لباس	یورپ کی قومیں جوع الارض
	نحل - ۱۵		کے مرض میں مبتلا ہیں
جوف	مِن قَلبَینِ فِی (جَوفِہٖ)	اس کے (پیٹ) میں دو دل	ہم ہر چیز کے اندر کے خول کو
	احزاب - ۱		جوف کہتے ہیں۔ جوف زمین
			شامی کباب کا جوف

ح

حاجت	اِلَّا (حَاجَۃً) فِی نَفسِ یَعقُوبَ	مگر ہاں یعقوب کے دل میں ایک	حاجت روا

Marfat.com

	قَضَاهَا یوسف - ۸	(خواہش) تھی جس کو اس نے پورا کیا	
حاسد	وَمِنْ شَرِّ (حَاسِدٍ) إِذَا حَسَدَ فلق - ۱	اور (حسد کرنے والے) کے حسد سے جب وہ حسد کرے	وہ بڑا ہی حاسد ہے
حاشَ لِلّٰہِ	(حَاشَ لِلّٰہِ) مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوءٍ - یوسف - ۷	(حاشا للہ) ہم نے اس میں برائی کی کوئی بات نہیں دیکھی۔	حاشا للہ یہ الزام غلط ہے
حاضر	وَوَجَدُوا مَا عَمِلُوا (حَاضِرًا) کہف - ۴	اور جو کچھ ان لوگوں نے کیا تھا (موجود) پائیں گے	حاضر و غائب
حافظ	لَمَّا عَلَيْهَا (حَافِظٌ) طارق - ۱	جس پر کوئی (نگہبان) مقرر نہ ہو۔	خدا حافظ و ناصر
حاملین	وَمَا هُمْ (بِحَامِلِينَ) عنکبوت - ۱	اور وہ نہ (اٹھانے والے) ہوں گے	حاملین قرآن، ملائکہ حاملین عرش
حُبّ	وَإِنَّهُ (لِحُبِّ) الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ عادیات - ۱	اور وہ مال کی (محبت) میں بڑا سخت ہے	حبِ دنیا
حَتّٰی	(حَتّٰی) تَغْتَسِلُوا نساء - ۷	(یہاں تک) کہ غسل کر لو	حتّٰی کہ نتیجہ نکل آئے
حِجَاب	حَتّٰی تَوَارَتْ (بِالْحِجَابِ) ص - ۳	یہاں تک کہ سورج (پردہ) میں چھپ گیا	آپ سے کیا حجاب، حجاب کے بارے میں شرعی حکم
حج	(اَلْحَجُّ) أَشْهُرٌ مَعْلُومَاتٌ بقرہ - ۲۵	(حج) کے مہینے معلوم ہیں	فریضۂ حج
حج اکبر	يَوْمَ (الْحَجِّ) الْأَكْبَرِ	(حج اکبر) کے دن	اس سال حج اکبر ہوگا۔
حُجَّت	فَلِلّٰهِ (الْحُجَّةُ) الْبَالِغَةُ انعام - ۱۸	پس پوری (حجت) اللہ ہی کی رہی	احناف یہ حجت پیش کرتے ہیں جہل حجت سے کیا فائدہ
حَجَرٌ	أَنِ اضْرِبْ بِعَصَاكَ (الْحَجَرَ) اعراف - ۲۰	کہ اپنے عصا کو (پتھر) پر مار	شجر و حجر
حدود	وَتِلْكَ (حُدُودُ) اللّٰهِ مجادلہ - ۱	اور یہ اللہ کی (حدیں) ہیں	حدود شرعی۔ حدود ملک

Marfat.com

حدید	اٰتُوْنِیْ زُبَرَ الْحَدِیْدِ) کہف - ۱۱	میرے پاس (لوہے) کی چادریں لاؤ	نجست الحدید۔ اطباء کی اصطلاح "لوہے کی میل"
حَذَر	(حَذَرَ) الموت بقرہ ۲	موت کے ڈر سے	الحذر۔ الحذریہ پرآشوب وقت کے
حرام	وَھٰذَا (حَرَامٌ) نحل - ۱۵	اور یہ (حرام) ہے	شراب حرام ہے
حَرْب	حَتّٰی تَضَعَ (الْحَرْبُ) اَوْزَارَھَا محمد - ۱	یہاں تک کہ (لڑائی) اپنے ہتھیار رکھدے	حرب وضرب
حَرَج	مَاکَانَ عَلَی النَّبِیِّ مِن (حَرَجٍ) احزاب - ۵	نبی کے لیے کوئی (حرج) نہیں	کیا حرج ہے
حُرّ	(اَلْحُرُّ) بِالْحُرِّ بقرہ - ۲۲	(آزاد) کے بدلے آزاد	مرد حُرّ
حَرِیر	وَلِبَاسُھُمْ فِیْھَا (حَرِیْر) حج - ۳۰	اور ان کی پوشاک اس میں (ریشم) ہوگی	حریر واطلس
حریص	(حَرِیْصٌ) عَلَیْکُمْ توبہ ۱۲۸	(حرص کرنے والا) تم پر	بڑے حریص ہو
حِزب	اُولٰٓئِکَ (حِزْبُ اللّٰہِ) مجادلہ - ۳	یہ لوگ اللہ کا (گروہ) ہیں	جنگ بقتان کے دوران مولانا ابوالکلام نے یہ حزب اللہ کے نام سے ایک جماعت قائم کی تھی۔ ایک مشہور دعا۔ "حزب البحر"
حُزن	مِنَ (الْحُزْنِ) فَھُوَ کَظِیْم یوسف	(غم) سے پس وہ گھٹ رہے تھے	حزن والم
حساب	اَجْرَھُمْ بِغَیْرِ (حِسَاب) زمر - ۲	ان کو صلہ بے (شمار) ملے گا	حساب داں
حسد	(حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِھِمْ بقرہ ۱۳	اپنے دلی (حسد) کی وجہ سے	ان کو ہم سے حسد ہے
حسرت	وَاَنْذِرْھُمْ یَوْمَ (الْحَسْرَۃِ) مریم ۳۹	اور ان کو (حسرت) کے دن سے	حسرت دل ہی دل میں رہ گئی

Marfat.com

حسن	وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ (حُسْنُ) المآب آل عمران - ۲	اور انجام کار کی (خوبی) تو اللہ ہی کے پاس ہے۔	حسنِ عمل و حسن و جمال
حَسَنَه	وَاِنْ تَكُ (حَسَنَةً) نساء - ۶	اور اگر ایک (نیکی) ہو گی۔	اسوہ حسنۃ
حَسَنات	اِنَّ (الحَسَنَاتِ) يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ هود - ۱۰	(نیکیاں) مٹا دیتی ہیں برائیوں کو	حسنات و سیئات
حشر	ذٰلِكَ (حَشْرٌ) عَلَيْنَا يَسِيرٌ ق - ۳	یہ ہمارے نزدیک آسان (اکٹھا) کر لینا ہے	روزِ حشر
حفظ	وَ(حِفْظًا) مِّنْ كُلِّ شَيْطَانٍ مَّارِدٍ - صافات - ۱	اور (حفاظت) کی ہے ہر شریر شیطان سے	حفظ مراتب مدرسہ حفظ القرآن
حفیظ	اَللّٰهُ (حَفِيظٌ) عَلَيْهِمْ شوریٰ -	اللہ ان پر (نگہبان) ہے	خدا ہی حفیظ و ناصر ہے
حق	قَالُوا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِي بَنَاتِكَ مِنْ (حَقٍّ) ہود - ۷	وہ کہنے لگے تجھے معلوم ہے کہ تیری بیٹیوں میں ہم کو کوئی (حق) نہیں	ہمارا حق
حق الیقین	وَاِنَّهٗ (لَحَقُّ الْيَقِيْنِ) حاقہ - ۲	اور بلا شبہ یہ (حق یقین) ہے	نبوت کے بارے میں حق الیقین
حَکَم	فَابْعَثُوْا (حَكَمًا) مِّنْ اَهْلِهٖ نساء - ۶	پس بھیجو ایک (منصف) اس کے خاندان سے	آپ کو حکم مقرر کر دیا گیا
حُکم	اَلَا لَهُ (الحُكْمُ) انعام - ۸	یاد رکھو (حکم) اسی کا ہے	حکم صادر ہو گیا
حُکام	وَتُدْلُوْا بِهَا اِلَى (الْحُكَّامِ) بقر - ۲۳	اور نہ اس کو (حاکموں) تک پہنچنے کا ذریعہ بنانے لگو	حکامِ وقت
حلال	هٰذَا (حَلَالٌ) وَّهٰذَا حَرَامٌ نحل - ۱۵	یہ (حلال) ہے اور یہ حرام ہے	رزق حلال
حُلقوم	فَلَوْلَا (اِذَا بَلَغَتِ (الْحُلْقُوْمَ) واقعہ - ۳	پس کیوں نہیں جس وقت جان (حلقوم) تک پہنچتی ہے	حلقوم کٹ گیا

Marfat.com

حلیم	وَاللّٰہُ شَکُوْرٌ (حَلِیْمٌ) تغابن - ۲	اور اللہ بڑا ہی قدردان اور بڑا ہی بردبار) ہے	حلیم الطبع
حِمار	کَمَثَلِ (الْحِمَارِ) یَحْمِلُ اَسْفَارًا جمعہ - ۱	ان کی حالت ایسے (گدھے) کی سی ہے جو بہت سی کتابیں لادے ہوئے ہے	وہ عقل کے اعتبار سے حمار ہے
حمد	(اَلْحَمْدُ) لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ فاتحہ - ۱	ہر طرح کی (ستائش) اللہ کے لیے ہے	حمد بے حد سزا ئے پاک حمد و ثنا
حمل	حَمَلَتْ (حَمْلًا) خَفِیْفًا اعراف ۲۲	اسے ہلکا سا (حمل) رہ گیا	حمل ساقط ہو گیا۔
حمید	اِنَّہٗ (حَمِیْدٌ) مَّجِیْدٌ ہود - ۷	بلاشبہ وہ (قابلِ ستائش) اور باعظمت ہے	قرآنِ حمید۔ فرقانِ حمید
حنیف	وَاَنْ اَقِمْ وَجْہَکَ لِلدِّیْنِ (حَنِیْفًا) یونس - ۱۱	اور یہ کہ سیدھا کر اپنا منہ دین کی طرف (یک سو ہو کر	دینِ حنیف
حور	(حُوْرٌ) مَّقْصُوْرٰتٌ فِی الْخِیَامِ رحمٰن - ۳	(حوریں تیں گوری رنگت کی) خیموں میں محفوظ	حورِ جنت
حیات	وَلَا (حَیٰوۃً) وَّنُشُوْرًا فرقان - ۱	اور نہ کسی کو (زندگی) کا اور نہ دوبارہ جلانے کا	حیاتِ مستعار۔ حیاتِ فانی
حیران	کَالَّذِی اسْتَہْوَتْہُ الشَّیٰطِیْنُ فِی الْاَرْضِ (حَیْرَانَ) انعام - ۹	جیسے کوئی شخص ہو کہ اس کو شیطانوں نے بیابان میں (سرا سیمہ) کر دیا ہو	حیران و پریشان
حیلہ	لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ (حِیْلَۃً) نساء ۹۸	نہ کوئی (تدبیر) کر سکتے ہیں	کوئی حیلہ کارگر نہ ہوا۔ حیلہ باز
حی	ھُوَ (الْحَیُّ) لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ۔ مومن - ۷	وہ (زندہ) ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں	خدائے حی و قیوم

Marfat.com

خ

خَائِف	فَخَرَجَ مِنْهَا خَائِفًا (قصص ۲)	پس نکلا اس شہر سے (ڈرتا ہوا)	آپ اس قدر خائف کیوں ہیں
